SINDH ACT NO.II OF 2014

The Sindh Emergency Procurement Act No. II of 2014

ہنگامی طور پر اشیاء خرید کرنے کے بارے میں سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ 2014

فہرست (Contents)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات (Short title and commencement)

2۔ وصف (تعریفیں) (Definitions)

3۔ ہنگامی طور پر خریداری (Emergency Procurement)

4۔ اشیاء جو ہنگامی طور پر خرید کی جاسکے گی (Items to be procured in an emergency)

SINDH ACT NO.II OF 2014

The Sindh Emergency Procurement Act No. II of 2014

ہنگامی طور پر اشیاء خرید کرنے کے بارے میں سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ 2014

[26 فروری 2014]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے ہنگامی طور پر اشیاء خرید کرنے کی گنجائش نکالی جائے۔

تمہید (Preamble)

سندھ صوبے میں منصوبہ بندی کے تحت ہونے والے حملوں (Target Attacks) اور قانون نافذ کرنے والے خواہ عوام کو درپیش خطرات (Threats) کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں اور ملکیتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ جس میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوان بھی آجاتے ہیں۔

اور اس صورتحال کی تقاضا ہے کہ قانون نافذ کرنے اداروں کے لئے ہنگامی طور پر اشیاء خرید کرنے کی گنجائش پیدا کی جائے۔

اس لئے اس ایکٹ کو مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جارہا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات (Short title and commencement)

1- (1) اس ایکٹ کو سندھ ایمرجنسی پرکیورمینٹ ایکٹ 2014 **(The Sindh Emergency Procurement Act, 2014)** کہا جائے گا۔

(2) اس ایکٹ کا دائرہ عمل صوبہ سندھ ہوگا۔

(3) یہ ایکٹ فی الفور نافذ ہوگا۔ اور اسکی مدت نافذ ہونے والی تاریخ سے ایک

سال کے لئے ہوگی۔

وصف (Definitions)

2- (2) اس ایکٹ میں سوائے اس مضمون کے حوالے سے کہ کوئی بات منحرف نہ ہو، کچھ لفظوں کی تعریف اس طرح سے کی جائے گی۔

(الف) ہنگامی خریداری (Emergency Prourement) کا مطلب ہے جو کچھ قانون نافذ کرنے اداروں کے افراد اور صوبے کے عوام کے تحفظ اور حفاظت کے لئے فوری بنیادوں پر خرید اجائے۔

(ب) قانون نافذ کرنے والا ادارہ (Law Enforcement Agency) کا مطلب ہے سندھ پولیس، سندھ کی جیلوں والی پولیس (Sindh Prisons Police) پاکستان رینجرس (Pakistan Rangers) اور فرنٹیئر کانسٹیبلری (Frontier Constabulary) جن کو سندھ میں مقرر کیا جائے۔

ہنگامی طور پر خرید کرنا (Emergency Procurement)

3- قانون نافذ کرنے والا ادارہ (Law Enforcement Agency) فوری اور ہنگامی طور پر کچھ اشیاء لے سکتا ہے اسکے باوجود کہ کوئی بات سندھ پبلک پروکیورمنٹ ریگولر اتھارٹی (Sindh Public Procurement Regulatory Authority Act, 2009) یا اسکی طرف سے بنائے ہوئے قوائد یا اس وقت کے نافذ ہونے والے قوانین میں اشیاء خرید کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہو۔

اشیاء جو ہنگامی طور پر خرید کی جائیں گی۔ (Items to be procured in an emergency)

4- ہنگامی بنیادوں پر جو اشیاء خرید کی جائیں گی وہ قانون نافذ کرنے والے افراد اور سندھ صوبے کے عوام کے تحفظ اور حفاظت کے لئے ہونگی۔

مثلاً مسلح عملے کے لئے بم سے بچاو والی گاڑیاں۔ (Armed Personel Carrier)، گولیوں سے بچاو کی جیکٹس (Bomb Proof Jackets)، گولیوں سے بچاو والے لوہے کی ٹوپیاں (Bullet Proof Helmets)، گولیوں سے بچاو والی گاڑیاں (Bullet Proof Vehicles) تمام قسم کا اسلحہ اور بارود اور اس سے متعلقہ سامان۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔